Time: 2.30 mnts **Class: IV Semester B.A** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے: (10x1=10)

1. تمہاری رفاقت میں آج تک میں نے ان گنت ۔۔۔۔۔۔ بدلے۔
(گھر ، مکان ، بنگلہ)

2. پیرو جادستور ۔۔۔۔۔۔ بجانے میں ماہر تھی۔
(وائلن ، پیانو ، گٹار)

3. دنیا بھر میں جتنی ۔۔۔۔۔۔ ہیں سب میں گالی دی جاسکتی ہیں اور دی بھی جاتی ہیں۔
(تہذیب ، ممالک ، زبانیں)

4. سکریٹریٹ کے لان میں ۔۔۔۔۔۔ ایک درخت گر پڑا۔
(آم ، جامن ، امرود)

5. اردو میں ادبی سرگرمیاں ۔۔۔۔۔۔۔ کے دور سے ہی شروع ہوگئی تھیں۔
(مومنؔ ، مرزا غالبؔ ، امیر خسروؔ)

6. مضمون نگار نے گھر بدلنے کی سنچری مکمل کی۔ (صحیح/غلط)

7. 'نظارہ درمیاں ہے' میں تارا بائی خورشید عالم کی بیوی ہے۔ (صحیح/غلط)

8. اردو میں رسمی اور شائستہ گفتگو کا انداز کافی حد تک موجود ہے۔ (صحیح/غلط)

9. مالی نے پیڑ کے نیچے دبے ہوئے آدمی کو کھچڑی کھلائی۔ (صحیح/غلط)

10. گالی کی سب بڑی خوبی یہ ہے کہ یہ سکھانی نہیں پڑتی۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھیے: (2x10=20)

1. گالی کی حقیقت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

2. پیرو جادستور کی محبت کیسے ناکام ہوگئی؟

3. 'جامن کے پیڑ' کے نیچے دبے ہوئے آدمی کے ساتھ سکریٹریٹ میں کیا معاملہ پیش آیا؟

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجئے: (3x2=06)

1. 'مگر ایک آدمی کی جان کا سوال ہے۔'
2. ذہین اور خوددار لوگ کبھی گالی گلوچ سے کام نہیں لیتے۔'
3. مگر میرے لئے یہ خوشی کی بات نہیں ہے۔'
4. خدا تمہارا بھلا کرے۔ ریڑھا ادھر لے آؤ۔'
5. میں سات برس بعد پچھلے ہفتے ہی پیرس سے واپس آئی ہوں۔'

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. جواب
2. شلکشا میں گول مال
3. جوگن

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

1 . ہم جس پہ مر رہے ہیں وہ بات ہی کچھ اور ہے
عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں

2 .ابھی کیا ہے کسی دن خوں رلائیگی یہ خاموشی
زبان حال کی جادو بیانی دیکھتے جاؤ

3 . آدمی سے ملتا ہے
دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

4 .جو آگ تھی تم نے اس کو تو بُجھایا اشکوں نے
جو اشکوں نے بھڑکائی ہے ، اس آگ کو ٹھنڈا کون کرے

5 .یہ معجزہ بھی محبت کبھی دکھائے مجھے
کہ سنگ تجھ پہ گرے اور زخم آئے مجھے

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. میاں سیف الحق نے غفورا کے ساتھ کیا سلوک کیا؟
2. کلی اور غفورا کی محبت کیسے ادھوری رہ گئی؟
3. غفورا سیف الحق کے پاس واپس کیوں آیا؟

**********************************

Time: 2.30 mnts **Class: IV Semester B.Com** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کی ایک خاص افادیت یہ ہے کہ دریا کو کوزے میں سمو دیتی ہے۔

(تشبیہ ، کنایہ ، تلمیح)

2. نور خاں کو سرکش ۔۔۔۔۔۔کو سدھانے میں کمال تھا۔

(ہاتھی ، گھوڑے ، شیر)

3. ریل منتری اپنے۔۔۔۔۔۔۔کے ساتھ ریل میں سوار ہوئے۔

( بھائی ، دوست ، سکریٹری )

4. ۔۔۔۔۔۔۔۔۔طالبِ علم نے ناکامی برداشت نہ کرتے ہوئے خودکشی کرلی۔

(میڈیکل، انجینئرنگ ، مینیجمنٹ )

5. ڈرامہ 'دور پاس' میں زرینہ۔۔۔۔۔۔۔۔میں رہتی تھی۔

(کینیڈا ، امریکہ ، سوئٹزرلینڈ)

6. 'کعبہ میرے پیچھے' میں اُماپتی امتحان کے پرچوں کی جانچ کرتا تھا۔ (صحیح/غلط)

7. ریل منتری نے بغیر ٹکٹ کے ریل میں سفر کیا۔ (صحیح/غلط)

8. ریڈیو ڈرامہ 'دور پاس' میں زرینہ کے شوہر کا نام سہیل ہے۔ (صحیح/غلط)

9. خضر کے معنی سرسبز و شاداب کے ہیں۔ (صحیح/غلط)

10. نور خاں انگریزی فوج کے لکھنو کنٹنجنٹ میں سپاہی تھے۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. نور خان کی شخصیت کے اہم گوشوں پر روشنی ڈالئے۔

2. تلمیح کی اہمیت واضح کرتے ہوئے کسی ایک تلمیح کی تشریح کیجئے؟

3. ریل منتری کے ریل میں سفر کا حال اپنے الفاظ میں لکھئے۔

III بحوالہ متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجئے: (3x2=06)

1. 'دیکھو جی! تم ہمارے سکریٹری ہو، ہم تمہارے سکریٹری نہیں۔'

2. 'لیکن جو پاپ مجھ سے ہوا ہے، اس کا بوجھ بہت بھاری ہے۔'

3. 'ہم اپنے لئے نہیں..... اپنے بچوں کے لئے پریشان ہوتے ہیں۔'

4. 'سلامی ایسے قاعدہ اور انداز سے دی کہ ایک سکینڈ کا فرق نہ ہونے پایا۔'

5. 'اگر میرے رب نے ہدایت نہ کی میں گمراہ ہو جاؤں گا۔'

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. عورت

2. اے شریف انسانو!

3. سرحدیں

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجئے۔ (3x2=06)

**1** . شام بھی تھی دھواں حسن بھی تھا اداس
دل کو کئی کہانیاں یاد سی آکے رہ گئیں

**2** .بڑا ہے درد کا رشتہ یہ دل غریب سہی
تمہارے نام پہ آئیں گے غمگسار چلے

**3** . میں جب بھی اُس کے خیالوں میں کھو سا جاتا ہوں
وہ خود بھی بات کرے تو بُرا لگے ہے مجھے

4 . کسی کے واسطے راہیں کہاں بدلتی ہیں
تم اپنے آپ کو خود بدل سکو تو چلو

**5** .پکارتی ہیں فرصتیں کہاں گئیں وہ صحبتیں
زمیں نگل گئی انہیں کہ آسماں کھا گیا

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. فریدوں نے اپنے بے بسی کا اظہار کن الفاظ میں کیا ؟

2. نوشابہ نے فریدوں سے کیا مطالبہ کیا؟

3. فریدوں کے انکار پر نوشابہ نے کیا جواب دیا؟

**********************************

Time: 2.30 mnts **Class: IV Semester BBA/BCA** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. عورت نے اپنی زندگی میں صرف ۔۔۔۔۔۔مرتبہ ڈاکٹر دیکھا تھا۔

(دو ، دس ، ایک)

2. کتوں کے۔۔۔۔۔۔پر مجھے سب سے بڑا اعتراض یہ ہے کہ ان کی آواز سوچنے کے تمام قویٰ معطل کر دیتی ہے۔

(کاٹنے ، چاٹنے ، بھونکنے)

3. ہزار۔۔۔۔۔۔۔سے بہ زبانِ قلم باتیں کرو۔ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔

( کلومیٹر ، کوس ، میل)

4. یہ حقیقت ہے کہ۔۔۔۔۔کا کوئی رسم خط کامل نہیں ہے۔

( ملک ، علاقہ ، دنیا )

5. لوگ امتحان کے نام سے۔۔۔۔۔۔۔ ہیں، مجھے ان کے گھبرانے پر ہنسی آتی ہے۔

(ڈرتے ، شرماتے ، گھبراتے)

6. اردو زبان نے اپنا رسمِ خط عبرانی زبان سے حاصل کیا۔ (صحیح/غلط)

7. نظم ''ورکنگ وومن'' کے شاعر فیض احمد فیض ہیں۔ (صحیح/غلط)

8. 'ڈاگدر دیوتا' میں علاج کے دوران لڑکے کے باپ کی موت ہوئی۔ (صحیح/غلط)

9. مضمون نگار کو 'کتے' کے کاٹنے کا اتفاق نہیں ہوا۔ (صحیح/غلط)

10. 'دعا' دلاور فگار کی لکھی ہوئی نظم ہے۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. مرزا غالبؔ کے خطوط کی خصوصیات قلمبند کیجئے؟

2. طالبِ علم کے ساتھ امتحان کے دوران کیا واقعہ پیش آیا؟

3. ہسپتال میں بچہ کیوں بھرتی کیا گیا اور کیا علاج ہوا؟

III بحوالہءمتن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجیے: (3x2=06)

1. ’بابو تمہارے لئے گئے ہیں پرچی کاٹنے‘

2. ’کیا گھر میں کھانے کو کچھ نہ تھا؟‘

3. ’ایک بیڑی میرے پانو میں ڈال دی اور دلّی شہر کو زنداں مقرر کیا، اور مجھے زنداں میں ڈال دیا‘

4. ’گھمنڈ اس بات پر کہ تان سین اس ملک میں پیدا ہوا تھا‘

5. ’وہ حور اجیرن ہو جائے گی طبعیت کیوں نہ گھبرائے گی‘

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے: (1x8=08)

1. ہاتھوں کا ترانہ

2. ورکنگ وومن

3. شکوہ

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ (3x2=06)

1. اچھا ہے اہل جور کئے جائیں سختیاں
پھیلے گی یوں ہی شورش ِ حب ِ وطن تمام

2. دل سے تیری نگاہ جگر تک اتر گئی
دونوں کو اک ادا میں رضامند کر گئی

3. رنج ِ سفر کی کوئی نشانی تو پاس ہو
تھوڑی سی خال کوچہ ء دلبر ہی لے چلیں

4. جب تک کہ غم ِ انساں سے جگر ، انساں کا دل معمور نہیں
جنّت ہی سہی دنیا لیکن جنّت سے جہنم دور نہیں

5. اس نفع و ضرر کی دنیا سے میں نے یہ لیا ہے درس ِ جنوں
خود اپنا زیاں منظور مگر، اوروں کا زیاں منظور نہیں

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھئے: (2x510)

1. سنت رام اور کیپٹن کے درمیان کیا گفتگو ہوئی؟

2. ملک کے بٹوارے کا سنت رام پر کیا اثر ہوا؟

3. اجنبی نے بٹوارے کے دن کا منظر کن الفاظ میں بیان کیا ہے؟

**********************************

Time: 2.30 mnts **Class: IV Semester B.Sc** Max. Marks: 60

I صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے: (10x1=10)

1. قتیل شفائی کا اصل نام۔۔۔۔۔۔۔۔تھا
(اکبر ، شہجہاں ، اورنگ زیب)

2. ہمارے قول یا عمل سے کسی کا۔۔۔۔۔۔۔نہ دکھے اور نہ وہ شرمندگی محسوس کرے۔
(دل ، بدن ، ہاتھ)

3. 'الٹی ہوگئی سب تدبیریں' میں مرزا صاحب اپنے۔۔۔۔۔۔۔۔کے گھر گئے۔
( بھائی ، سالی ، سسرال)

4. عبارت کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میں زائد لفظوں کا حصّہ بھی کچھ کم نہیں ہوتا۔
(خوبصورتی ، خرابی ، بُرائی )

5. روپیہ۔۔۔۔۔۔۔میں آتے ہی اڈّو اندیشوں اور خطروں میں گھر گیا۔
(جیب ، اکاؤنٹ ، ہاتھ)

6. نظم 'روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کے شاعر علامہ اقبالؔ ہیں۔ (صحیح/غلط)

7. 'چھ سنہری اصول' سے کامیابی کی راہیں آسان ہوتی ہیں۔ (صحیح/غلط)

8. 'کچھ ناموں کے بارے میں' کے مضمون نگار رشید حسن خاں ہیں۔ (صحیح/غلط)

9. اڈّو کو صبح سو روپئے کا نوٹ ملا۔ (صحیح/غلط)

10. 'الٹی ہوگئی سب تدبیریں' ریڈیو ڈرامہ ہے۔ (صحیح/غلط)

II کسی دو کے تفصیلی جواب لکھئے: (2x10=20)

1. روپیہ ملنے کے بعد اڈّو کا دن کیسے گذرا؟

2. 'الٹی ہوگئی سب تدبیریں' میں مرزا صاحب کا منصوبہ کیسے ناکام ہوا؟

3. تحریر میں زائد لفظی سے کیا خرابیاں پیدا ہوتی ہیں؟

III بحوالہء متن کسی تین جملوں کی وضاحت/تشریح کیجیے: (3x2=06)

1. 'ہم ہیں، مگر صلواتیں کس پر بھیجی جارہی ہیں؟'

2. 'میری ساس طعنے دیتی ہے کہ ماموں کیا لایا ہے منی کے لئے؟'

3. ' ٹامی میں جانتی ہوں کہ تم کلاس میں لیڈر مشہور ہو۔'

4. 'ایسا کرنے سے نہ تو والدین کا دل دکھے گا اور نہ اولاد کو شکایت کا موقع ملے گا۔'

5. 'وہ حور اجیرن ہوجائے گی طبعیت کیوں نہ گھبرائے گی۔'

IV کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے: (1x8=08)

1. مہاجن اور مفلس

2. پیر تسمہ پا

3. روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

V کسی تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ (3x2=06)

1. نہیں آتی تو ان کی یاد مہینوں تک نہیں آتی
مگر جب یاد آتے ہیں تو اکثر یاد آتے ہیں

2. انساں کی خواہشوں کی کوئی انتہا نہیں
دو گز زمیں چاہئے دو گز کفن کے بعد

3. بہت پہلے سے ان قدموں کی آہٹ جان لیتے ہیں
تجھے اے زندگی، ہم دور سے پہچان لیتے ہیں

4. محبت کا صلا کیا ہے مگر ہاں
ملامت، طعن، تہمت، جگ ہنسائی

5. جب تک ہم مصروف رہے، یہ دنیا تھی سنسان
دن ڈھلتے ہی دھیان میں آئے کیسے کیسے لوگ

VI کسی دو سوالوں کے جواب لکھیے: (2x510)

1. منظور حسین کے بارے میں پتنگ والے نے کیا بتایا؟

2. 'آگرہ بازار' میں پتنگ والے نے شاگرد کی تربیت کا واقعہ کس طرح ذکر کیا ہے؟

3. شہدے کی گرفتاری پر لڈّو والے اور برتن والے کے درمیان کیا گفتگو ہوئی؟

**********************************